میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

بدھ، 27 جمادی الثانی، 1437ھ | 6/04/2016 | نمبر: PR16019

حزب التحریر کے خلاف ظلم وستم ختم کرو

# سعد جگرانوی کو رہا کرو جو 22 اپریل 2015 سے پابند سلاسل ہیں

حزب التحریر ولایہ پاکستان نے حزب التحریر کی ان شخصیات کو سامنے لانے کا سلسلہ شروع کیا ہے جو حکومت کے ظلم و جبر کا سامنا کر رہے ہیں، اور سلسلے میں سعد جگرانوی کا مقدمہ پیش کر رہے ہیں۔

بیالیس سالہ سعد جگرانوی ایک کاروباری شخصیت ہیں۔ وہ شادی شدہ اور نو بچوں کے باپ ہیں۔ انہیں 22 اپریل 2015 کو گلبرگ گلیریا شاپنگ مال میں موجود ان کے شوروم سے گرفتار کیا گیا تھا۔

سعد جگرانوی کا تعلق لاہور کے ایک انتہائی مشہور و معروف خاندان سے ہے جو کئی نسلوں سے حکمت کے پیشے سے منسلک ہے۔ انہوں نے ایلیٹ گریژن بوائز اسکول سے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد کنگسٹن یونیورسٹی لندن سے اپنی تعلیم مکمل کی۔

سعد جگرانوی ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے چیرمین ہیں۔ سعد جگرانوی قوی سطح پر خلافت کے ایک انتہائی مشہور و معروف داعی بن کر سامنے آئے ہیں۔ اس بات کے باوجود کہ ان کو کئی بار گرفتار اور شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا، وہ اسلام کے لئے بھرپور طریقے سے کام کرتے رہے۔ انہوں نے پورے ملک میں جگہ جگہ لوگوں سے خطاب فرمایا ہے اور ایک جوشیلے مقرر کے طور پر ان کی عزت کی جاتی ہے۔ مرکزی رابطہ کمیٹی کے چیرمین کی حیثیت میں انہوں ے ملک کی کئی بااثر اور معزز افراد سے بامعنی تعلقات قائم کیے اور انہیں خلافت کی فرضیت اور اس کے ڈھانچے سے آگاہ کیا۔

**ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس**

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info
ویب: http://HTmediaPAK.page.tl
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4
ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK4
ویب: www.hizb-pakistan.com
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK